السلام علیکم و رحمتہ اللہ و براکتہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باذن اللہ تعالی

💫 *Sunday, 25th August 2019*

💫 *Tafseer ul Quran*

💫 *Quran key adaab*

💫 *Total Marks: 25*

✨🔸✨🔸✨🔸✨

سوال1) قرآن پڑھنے کے کیا آداب ہیں؟ کوئی پانچ تحریرکیجیے.
(نمبر 5)

1) Quran parhney key kya adaab hain? Koi 5 tehreer kijiye.
(Marks 5)

جواب
*1-* قرآن پڑھنے کا سب سے پہلا ادب یہ ہے کہ اس کو پڑھنے سے پہلے وضو کیا جائے۔
*2-* دوسرا ادب یہ ہے کہ اس کی تلاوت سے پہلے مسواک کی جائے، جسم، کپڑے، منہ اور جگہ کی صفائی کا اہتمام کیا جائے۔
*3-* اگر ممکن ہو تو قبلہ رو ہو کر پڑھا جائے۔
*4-* اپنی نیت کو اللہ کے لیے خالص کر کے پڑھا جائے۔ ریا کاری اور دکھاوا نہ ہو بلکہ مقصد اللہ کی رضا اور ہدایت حاصل کرنا، عمل کرنا، اپنی اصلاح کرنا اور دوسروں تک پہنچانا ہو۔
*5-* قرآن پڑھنے کا آغاز تعوذ اور تسمیہ سے کیا جائے۔
*6-* قرآن کو خاموشی سے غور کے ساتھ سنا جائے۔
7۔ قرآن کو درمیانی آواز میں پڑھا جائے، آواز نہ بہت ذیادہ بلند ہو اور نہ ہی پست۔
*8-* قرآن کی تلاوت غافل دل سے نہیں کرنی چاہیے۔ دل میں اللہ کی خشیت اور عظمت کا احساس ہونا چاہیے۔ آیات کی تلاوت اسکے معنی اور مفہوم سمجھتے ہوئے غور و فکر کے ساتھ کرنی چاہیے۔ تجوید کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔
*9-* قرآن کی تلاوت رو رو کر کرنی چاہیے۔ اگر رونا نہ آئے تو رونے جیسی شکل بنا لینی چاہیے۔ عذاب اور جہنم کی آیات پر جہنم سے بچنے کی دعا مانگنی چاہیے اور جنت کی آیات پر جنت کا سوال کرنا چاہیے ۔
*10-* قرآن کو عام کتابوں کی طرح نہیں سمجھنا چاہیے۔ قرآن کے اوپر کوئی اور چیز نہیں رکھنی چاہیے۔

🅰
*1.* Quran parhney ka sab sey pehla adab yeh hai key iss ko parhney sey pehley wuzu kiya jaye.
*2.* Dosra adab yeh hai key iss ki tilawat sey pehley miswak ki jaye, jism, kaprey, moun aur jaga ki safayi ka ehtemam kiya jaye.
*3.* Ager mumkin ho to qibla ro ho ker parha jaye.

*4.* Apni niyat ko Allah key liye khalis ker key parha jaye. Riya kaari aur dikhawa na ho balkey maqsad Allah ki raza aur hidayat hasil kerna, amal kerna, apni islah kerna aur dosron tak pohnchana ho.
*5.* Quran parhney ka aghaaz ta'owz aur tasmiya sey kiya jaye.
*6.* Quran ko khamoshi sey ghor sey suna jaye.
*7.* Quran ko darmiyani awaaz main parha jaye, awaaz na bohat zeyada buland ho aur na he past.
*8.* Quran ki tilawat ghafil dil sey nahi kerni chahiye. Dil main Allah ki khashiyat aur azmat ka ehsas hona chahiye. Ayaat ki tilawat iska maani aur mafhoom samjhtey hue ghour o fiker key sath kerni chahiye. Tajweed key sath thehar thehar ker parhna chahiye.
*9.* Quran ki tilawat ro ro ker kerni chahiye. Ager rona na aye to roney jesi shakal bana leni chahiye. Azaab aur jahanum ki ayaat per jahanum sey bachney ki dua mangni chahiye aur Jannat ki ayaat per Jannat ka sawal kerna chahiye.
*10.* Quran ko aam kitabon ki trah nahi samjhna chahiye. Quran key oper koi aur cheez nahi rakhni chahiye.

سوال2) قرآن کی تلاوت سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنا کیوں ضروری ہے؟
(نمبر 5)

2) Quran ki tilawat sey pehley ta'owz aur tasmiya perhna kiun zaroori hai?
(Marks 5)

جواب
شیطان ہمارا سب سے بڑا دشمن ہے۔ اس کا فتنہ سب سے بڑا ہوتا ہے۔ وہ نیکی کا کام نہیں کرنے دیتا۔ لہٰذا اس کے وار سے بچنے کے لیے اللہ کی پناہ میں آنا ضروری ہے ۔ اس لیے قرآن کی تلاوت سے پہلے تعوذ پڑھنا چاہیے ۔
کوئی بھی کام اللہ کا نام لے کر شروع کیا جائے تو اس میں برکت ہو جاتی ہے۔ اللہ کی مدد شامل ہو جاتی ہے اور کام آسان ہو جاتا ہے۔ اس لیے تلاوت قرآن سے پہلے تسمیہ پڑھنا ضروری ہے ۔

🅰
Shaitan hamara sab sey bara dushman hai. Iss ka fitna sab sey bara hota hai. Woh naiki ka kaam nahi kerney deta. Lehaza iss key waar sey bachney key liye Allah ki panah main ana zaroori hai. Iss liye Quran ki tilawat sey pehley ta'owz perhna chahiye.
Koi bhi kaam Allah ka naam ley ker shuro kiya jaye to iss main barkat ho jati hai. Allah ki madad shamil ho jati hai aur kaam asaan ho jata hai. Iss liye tilawat e Quran sey pehley tasmiya perhna zaroori hai.

سوال3) قرآن کی مجلس کے کیا آداب ہیں؟ کوئی پانچ تحریر کیجیے.
(نمبر 5)

3) Quran ki majlis key kya adaab hain? Koi 5 tehreer kijiye.
(Marks 5)

جواب

• قرآن کی مجلس میں اللہ سے اجر پانے کی خالص نیت لے کر آنا چاہیے ۔
• باوضو ہو کر صاف ستھرا آنا چاہیے ۔
• مسواک کا اہتمام کرنا چاہیے ۔
• استاد سے پہلے پہنچنا چاہیے ۔
• بلا ضرورت سوالات سے بچنا چاہیے ۔
• صبر کے ساتھ علم حاصل کرنا چاہیے ۔
• بلا ضرورت موبائل وغیرہ کا استعمال نہیں کرنا چاہیے ۔
• ضرورت کی چیزیں اپنے ساتھ لے کر آنی چاہیں۔
• لیکچر غور سے سننا اور لکھنا چاہیے ۔ مجلس میں شور نہیں کرنا چاہیے ۔
• دوسروں کو بلا ضرورت تنگ نہیں کرنا چاہیے ۔
• دوسروں کا احترام کرنا چاہیے۔ دوسروں کو خود پر ترجیح دینی چاہیے ۔
• بلا ضرورت مجلس سے نہیں اٹھنا چاہیے ۔
• ظاہری اور باطنی توجہ قرآن کی طرف ہونی چاہیے ۔

A

• Quran ki majlis main Allah sey ajar paney ki khalis niyat ley ker ana chahiye.
• Ba wuzu ho ker saaf suthra ana chahiye.
• Miswak ka ehtemam kerna chahiye.
• Ustadh sey pehley pohnchna chahiye.
• Bila zarorat sawalaat sey bachna chahiye.
• Sabar key sath ilm hasil kerna chahiye.
• Bila zarorat Mobile waghera ka istemal nahi kerna chahiye.
• Zarorat ki cheezein apney sath ley ker aani chahiyein.
• Lecture ghour sey sunna aur likhna chahiye. Majlis main shor nahi kerna chahiye.
• Dosron ko bila zarorat tang nahi kerna chahiye.
• Dosron ka ehteraam kerna chahiye. Dosron ko khud per tarjih deni chahiye.
• Bila zarorat mjlis sey nahi uthna chahiye.
• Zahri aur baatni tawaju Quran ki traf honi chahiye.

سوال4) قرآن کا علم لکھنے کے دو بڑے فائدے کیا ہیں؟
(نمبر 5)

4) Quran ka ilm likhney key 2 barey fayedey kya hain?
(Marks 5)

جواب

*1 قرآن کا علم لکھنے کا ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ انسان سنا ہوا سب کچھ یاد نہیں رکھ سکتا۔ لکھے ہوئے کو بآسانی دھرا کر ذہن نشین کر سکتا ہے۔ عمل میں لا سکتا ہے اور دوسروں کو بھی بتا سکتا ہے ۔

*2. لکھنے کا دوسرا بڑا فائدہ یہ ہے کہ جس طرح قیامت کے دن شہید کے خون کا وزن ہوگا اسی طرح عالم کی سیاہی کا بھی وزن ہو گا۔ یعنی جو سیاہی ہم قرآن کا علم لکھنے میں استعمال کریں گے قیامت کے دن انسان کے اعمال نامے میں اس کا بھی وزن ہو گا۔

🅰
*1.* Quran ka ilm likhney ka aik bara fayeda yeh hai key Insan suna hua sab kuch yaad nahi rakh sakta. Likhey hue ko ba asaani dohra ker zehan nasheen ker sakta hai aur dosron ko bhi bata sakta hai.
*2.* Likhney ka dosra bara fayeda yeh hai key jis trah qayamat key din shaheed key khoon ka wazan hoga issi trah alim ki seyahi ka bhi wazan hoga. Ya'ani jo seyahi ham Quran ka ilm likhney main istemal karein gey qayamat key din insan keh amaal namey main iss ka bhi wazan hoga.

💫 *عربی گرامر*

🔸 *سوال نمبر: 5*

علمُ الاعراب یا عِلْمُ النَّحْو سے کیا مراد ھے؟
(نمبر 5)

Ilm ul araab ya ilm un nahw sey kya muraad hai?
(Marks 5)

🔹 *جواب:*
وہ علم جس میں ھم یہ جانتے ھیں کہ کن حالات میں اور کن وجوہات کی بنا پر کوئی لفظ مرفوع یا منصوب یا پھر مجرور ھوتا ھے علمُ الاعراب یا علمُ النَّحْو کہلاتا ھے۔

🔹 *Answer:*
Woh ilm jis main ham yeh jantey hain key kin halaat main aur kin wajohaat ki bina per koi lafz marfoo ya mansoob ya phir majroor hota hai ilm ul araab ya ilm un nahw kehlata hai.

✨🔸✨🔸✨🔸✨